ابلاغ میں کامیاب دورہ بتایا گیا۔ (ان مضامین کا ثبوت تھائی لینڈ کے تمام ان دنوں کے اخبارات سے مل سکتا ہے۔) (ایک واقف حال۔ تھائی لینڈ)

الحق :— یہ وہی جاہلیت اولیٰ ہے جو اس دور میں سیاسی اور بین المللی رسومات و آداب اور میزبان و مہمان ممالک کے باہمی پروٹوکول کی شکل میں اسلامی سربراہوں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے چکا ہے۔ جب ملی تشخص کا احساس کمزور ہو جائے اور وسعت نظر اور رواداری سیکولرازم اور لادینیت کی حد تک فکر و نظر پر چھا جائے تو مسلمانوں کو یہ مظاہرے دیکھنے ہوں گے، ان ہی جاہلانہ مغربی اقدار نے آج اسلامی ممالک کو المناک صورتحال میں مبتلا کر کے رکھ دیا ہے۔ دینی حمیّت اور تصلّب ہو تو پھر کوئی مجبوری نہیں پیش آتی۔ سنا ہے کہ شاہ فیصل نے اپنے یورپ کے کسی دورہ میں ایک دروازے سے گذر کر ہال میں داخل ہونے سے اس بنا پر انکار کر دیا تھا کہ سامنے حضرت مریم کا مجسمہ نصب تھا اور انہیں داخل ہوتے وقت جھکنا پڑتا تھا۔ بتوں کی تعظیم تو ہے ہی بڑی افسوسناک معاملہ کیا کھلے بندوں مسلم سربراہوں کا اپنی بیگمات کو ساتھ لئے پھرنا اور استقبالیہ تقاریب میں ہاتھ ملانا اسلام روا رکھ سکتا ہے۔

شیخ الحدیث نمبر | اسلامک اکیڈمی مانچسٹر نے حضرت مولانا زکریا شیخ الحدیث مہاجر مدنی قدس سرہٗ کی سوانح پر مشتمل ایک نمبر نکالنے کا فیصلہ کیا ہے جس کے لئے ہند و پاک کے اکابر سے مضامین تحریر فرمانے کی درخواست کی جاتی ہے۔ کئی حضرات کے مضامین آچکے ہیں۔

محمد اقبال مظاہری اسلامک اکیڈمی مانچسٹر
۱۹ کولسٹن ٹیرس بروک سٹریٹ۔ برطانیہ

دیار مغرب کے مسلمان فرقہ پردازوں کی زد میں | مزاج گرامی بحمد اللہ تعالیٰ بعافیت ہوں گے اور ساتھ ہی ہم دیار غیر میں بسنے والوں (جو کہ آجکل بریلوی حضرات کے رحم و کرم پر ہیں) کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد فرما کر دین اسلام اور شریعت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم پر قائم رہنے کی دعائیں کرتے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ علماء حق کی زندگی میں برکت نصیب فرمائے کہ ان کے دم قدم سے نہ صرف پاکستان بلکہ عالم اسلام کی بقاء و سالمیت کا دار و مدار ہے۔ انگلینڈ میں الحمد للہ تبلیغی جماعت کی جدوجہد، نقل و حرکت اور قربانی سے ہر طبقۂ فکر اور شعبۂ انسانیت میں دینی جذبات پیدا ہوئے۔ مساجد اور مراکز دینیہ وجود میں آئے، مسلمانوں میں جذبۂ عمل کی تحریک پیدا ہوئی، مگر قوم کی بدقسمتی اور ضعیف العقیدگی کہ پیر پرستی۔ اور بدعات و رسوم کے چکر میں پڑ کر